میں یہ واحد شخصیت ہے کہ ہر مسلک کے پیروکاروں نے آپ کی ذات کے فضائل ومناقب پر لکھ کر فخر محسوس کیا۔ خود ائمہ ثلاثہ نے بھی امام صاحبؒ کے فضائل اور فقہی مقام کا اعتراف کیا ہے۔ نیز محدثین اور اسماء الرجال کے نقاد حضرات نے بھی امام صاحبؒ کی حدیث پر گہری نظر کا اعتراف کیا ہے۔ میاں محمد محبوب رضوی صاحب نے امام صاحبؒ کے حالات اور آپ کی جلالتِ شان پر مناسب اور عام فہم کتاب تحریر فرمائی ہے۔

● کتاب: انکارِ حدیث مؤلف: حضرت مولانا محمد زمان کلاچوی

ضخامت: ۶۸ صفحات قیمت: درج نہیں ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابو ہریرہ پوسٹ آفس خالق آباد نوشہرہ (سرحد)

انگریز کے منحوس دور میں جہاں اور فتنوں نے سر اٹھایا وہاں ایک فتنہ انکارِ حدیث کا بھی ہے۔ یہ اس قدر خطرناک فتنہ ہے کہ اس سے قرآن وسنت کا اعتبار واعتماد ختم ہو کر رہ جاتا ہے۔ جب نبی کریم ﷺ کی بات کا اعتبار نہیں تو قرآن، قرآن نہیں رہتا۔ کیونکہ قرآن کریم کا قرآن ہونا بھی آپ ﷺ نے بتایا۔ اسلام کا دینِ حق ہونا بھی آپ ﷺ نے امت کو بتایا۔ اس فتنہ کے سدِ باب کے لیے اللہ تعالیٰ نے امتِ مسلمہ کے لیے عظیم لوگ پیدا فرمائے جنہوں نے ہر دور میں اس فتنے کا قلع قمع کیا۔ سرسید احمد خان، اسلم جیراج پوری، عبداللہ چکڑالوی اور غلام احمد پرویز فتنۂ انکارِ حدیث کے مرکزی کردار ہیں۔ انکارِ حدیث کا واضح اور آسان مطلب یہ ہے کہ مسلمانوں کو اصل دین سے دور کر کے گمراہی کے راستے پر گامزن کر دیا جائے چونکہ حدیث ہی سارے دین کی تشریح کرتی ہے۔ اس لیے اصل بنیاد کو ہی ڈھال بنا دیا جائے۔ مولانا محمد زمان صاحب کلاچوی معروف عالم دین ہیں اور مولانا عبدالقیوم حقانی کے استاذ ہیں۔ انہوں نے رسالہ ''فتنۂ انکارِ حدیث'' کے تعارف ومقاصد کے بعد اُن کے اعتراضات کے مکمل جوابات دیئے ہیں۔ اس سلسلے کی ایک کڑی مولانا محمد زمان صاحب کی کتاب ''فتنہ انکارِ حدیث'' بھی ہے جو عام فہم انداز میں ہے۔

● کتاب: مرزا غلام احمد قادیانی کے ''کارنامے'' مصنف: نور محمد قریشی ایڈووکیٹ

ضخامت: ۲۲۴ صفحات قیمت: ۱۰۰ روپے ناشر: نور محمد قریشی ایڈووکیٹ، ۳۰ ریواز گارڈن۔ لاہور

پہلی امتوں کو دو چیزوں سے واسطہ پڑا ایک حق دوسرا باطل۔ مگر امتِ مسلمہ کو تین چیزوں سے واسطہ پڑا ایک حق، دوسرا باطل اور تیسرا دجل یعنی حق وباطل کی آمیزش کر کے باطل کو حق کے لباس میں پیش کیا جائے۔ باطل سے جس قدر بچنا آسان ہے۔ اسی قدر حق نما باطل سے بچنا مشکل ہے۔ مرزا قادیانی نے بھی دجل سے کام لیا اور کفر کو اسلام کے لباس میں پیش کیا۔ امتِ مسلمہ میں اللہ تعالیٰ نے ایسے افراد کی کمی نہیں چھوڑی جنھوں نے ہر دجال کا راستہ روکا ہے۔ ''مرزا غلام احمد قادیانی کے کارنامے'' مرزا کے اسی دجل وفریب، ارتداد وکفر اور کذب وافترا کی مدلل کہانی ہے۔ جناب نور محمد قریشی ایک منجھے ہوئے لکھاری ہیں۔ انہوں نے ''مرزا قادیانی کے کارنامے'' کے زیرِ عنوان اس کتاب میں مرزا کے حالاتِ زندگی، کفریہ دعوے، قرآن وحدیث میں تحریف اور دیگر کفریہ کارناموں کو باحوالہ پیش کیا ہے۔